71231 ـ نماز جمعہ کے دوران بجلی منقلطع ہو گئی اور امام کی اقتدا کرنا ممکن نہ رہی

سوال

ہماری مسجد کئی ایك منزل پر مشتمل ہے، ہم نماز جمعہ ادا کر رہے کہ پہلی رکعت میں بجلی منقطع ہو گئی، چنانچہ دوسری اور تیسری منزل والے مقتدی امام کی اقتدا نہ کر سکے اس لیے انہوں نے ظہر کی نماز پڑھ لی، کیا ان کا یہ عمل صحیح ہے ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

اگر تو پہلی رکعت میں رکوع سے قبل ایسا ہوا ہے تو ان کا یہ عمل صحیح ہے، اور اگر امام کے ساتھ رکوع کے بعد ہوا ہے تو ان پر واجب تھا کہ وہ نماز جمعہ کی دو رکعت مکمل کرتے.

شیخ عبد العزیز آل شیخ حفظہ اللہ تعالی سے اس طرح کے واقعہ کے متعلق دریافت کیا گیا تو ان کا جواب تھا:

" جس شخص نے نماز جمعہ کی ایك رکعت پالی اور پھر اسے کوئی عارضہ پیش آ گیا مثلا بجلی منقطع ہو گئی، تو انفرادی طور پر نماز جمعہ ہی مکمل کرے گا، یعنی وہ دوسری رکعت ادا کر کے سلام پھیر لے گا؛ کیونکہ صحیحین میں ابو ہریرہ رضی اللہ تعالی عنہ سے حدیث مروی ہے کہ:

رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

" جس نے نماز کی ایك رکعت پالی اس نے نماز پالی "

اور رکوع پا لینے سے رکعت مل جاتی ہے، اور جس نے امام کے ساتھ رکوع نہ پایا ہو تو اس نے رکعت نہیں پائی.

اس بنا پر اگر سوال میں مذکور افراد نے امام کے ساتھ رکوع نہیں پایا بلکہ صرف تکبیر تحریمہ ہی پائی ہے تو پھر وہ ظہر کی نماز ادا کرینگے" اھـ

دیکھیں: المجلۃ البحوث الاسلامیۃ (61 / 83).

واللہ اعلم .